الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

11اکتوبر 2022اسلام آباد

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ اور معزز ممبران الیکشن، الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد میں ضمنی وبلدیاتی انتخابات کے حوالے سے میٹنگ کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن آ ف پاکستان کا آج اہم اجلاس جنا ب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں منعقد ہوا ۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن ، سیکرٹری وزارت داخلہ ، دفاع ، چیف سیکرٹری و آئی جی صاحبان پنجاب ، خیبر پختونخواہ اور سندھ نے شرکت کی۔ اسکے علاوہ MO Directorate اور دیگر سیکورٹی اداروں کے نمائندگان اور الیکشن کمیشن کے سینئر افسران نے شرکت کی ۔

چیف الیکشن کمشنر نے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہااورانہوں نے ضمنی انتخابات اور کراچی ڈویژن میں بلدیاتی انتخابات کے پر امن انعقاد کی اہمیت پر زور دیا ۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بریف کیا کہ الیکشن کمیشن نے 9قومی اسمبلی ، 3 صوبائی اسمبلی اور کراچی ڈویژن کے تمام اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلہ کےلئے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں اور الیکشن کے انعقاد کےلئے تیار ہے بہرحال صوبائی حکومتوں ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکورٹی کے دیگر اداروں کی ان انتخابات میں اپنی خدمات سرانجام

دینے کے حوالے سے انکا موقف درکار ہےتاکہ انتخابا ت کا پرامن انعقاد اور دوٹروں کو پولنگ کے دن پرا من ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے ۔

سیکرٹری وزارت داخلہ ،دفاع ، چیف سیکرٹری صاحبان ، آئی جی صاحبان اور سیکورٹی کے دیگر اداروں کے نمائندوں نے میٹنگ میں اپنا اپنا موقف پیش کیا۔

الیکشن کمیشن نے مذکورہ بالا تمام افسران و نمائندگان کا موقف سننے کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ:

I. ضلع کرم کی قومی اسمبلی کی نشست جہاں پر امن وامان کی صورت حال بہتر نہیں ہے ،کےعلاوہ باقی تمام قومی و صوبائی اسمبلی کے حلقوں میں بہتر انتظامی انتظامات کے ساتھ انتخابات مقررہ تاریخ یعنی 16اکتوبر 2022 کو ہوں گے ۔

II. این اے 45 ضلع کرم کا انتخاب مقررہ تاریخ یعنی 16 اکتوبر 2022 کو نہیں ہوگا۔یہاں پر انتخاب کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

III. کراچی ڈویژن کے تمام اضلاع میں دوسرے مرحلے کے بلدیاتی انتخابات بھی شیڈول کے مطابق 23اکتوبر 2022 کو ہوں گے ۔